اسلام اور عیسائیت

مولانا محمد ادریس کاندھلوی

کتب خانہ جمیلی ۰ دار العلوم الاسلامیہ
کامران بلاک ۰ اقبال ٹاؤن ۔ لاہور ۱۳

اسلام اور مرزائیت
کا
اصولی اختلاف

اور حدیث میں اہل بیت اور ذوی القربیٰ کے جو حقوق اور احکام آئے وہ سب مرزا صاحب کے خاندان اور اہل بیت کے لیے ثابت کیے جاتے ہیں۔

مرزا صاحب کی امت میں ابوبکر و عمر

حکیم نور الدین خلیفہ اول کو مرزائی امت کا ابوبکر صدیق مانا گیا ہے اور مرزا بشیر احمد خلیفہ ثانی کو اس امت کا عمر فاروق اعظم کہا جاتا ہے کسی نے خوب کہا ہے۔

گر بہ میر و سگ وزیر و موش را دیوان کنند ۔۔۔ ایں چنیں ارکان دولت ملک را ویران کنند

مرزا صاحب پر مستقلاً صلوٰۃ و سلام کی فرضیت اور مرزا صاحب کے مریدین اور کنبہ کی اس میں شرکت اور شمولیت

پس آیت "یا ایہا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما" کی رو سے اور ان احادیث کی رو سے جن میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی تاکید پائی جاتی ہے حضرت مسیح موعود (مرزا صاحب) علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجنا بھی اسی طرح ضروری ہے جس طرح آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیجنا از بس ضروری ہے۔ رسالہ درود شریف مصنفہ محمد اسماعیل قادیانی ص ۱۳۶ اور روئے سنت اسلام و احادیث نبویہ ضروری ہے کہ تصریح سے آپ کی آل کو بھی درود میں شامل کیا جائے اسی طرح بلکہ اس سے بدرجہا بڑھ کر یہ بات ضروری ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی تصریح سے درود بھیجا جائے اور اس اجمالی درود پر اکتفا نہ کیا جائے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے وقت آپ کو بھی پہنچ جائے۔

اور رسالہ مذکورہ